12285 ـ سودی بنك ملازم کے پیچھے نماز ادا کرنا

سوال

کیا ہمارے لیے سودی کاروبار کرنے والے بنك ملازم کے پیچھے نماز ادا کرنا جائز ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

اس طرح کا سوال مستقل فتوی کمیٹی سے کیا گیا تو کمیٹی کا جواب تھا:

سودی بنك میں ملازمت کرنا حرام ہے، اور اس کا مرتکب شخص اللہ تعالی کا نافرمان ہے، لیکن اس کے پیچھے نماز ادا کرنا صحیح ہے، کیونکہ وہ مسلمان ہے علماء کرام کے صحیح قول کے مطابق اگر اس نے نماز کی شروط پوری کی ہوں اور جو کچھ اللہ تعالی نے نماز میں فرض کیا ہے اسے پورا کیا ہو تو فی نفسہ اس کی نماز صحیح ہے.

اور اگر اس کے علاوہ کسی نیك و صالح اور متقی شخص کے پیچھے نماز ادا کرنا میسر ہو تو یہ زیادہ بہتر اور اولی ہے.

اللہ اعلم .